The Absolute Reality

www.quran4u.com

يَا أَيُّهَا الْإِنْسَانُ مَا غَرَّكَ بِرَبِّكَ الْكَرِيمِ

اے انسان! تجھ کو اپنے پروردگار کرم گستر کے بارے میں کس چیز نے دھوکا دیا؟

Quran with Urdu Translation

Fateh Muhammad Jalundhari

(فتح محمد جالندہری)

سورة الانفطار

Urdu Translation اردو ترجمہ

Click This Bar to Listen Audio

بِسْمِ اللَّهِ الرَّحْمَٰنِ الرَّحِيمِ

إِذَا السَّمَاءُ انْفَطَرَتْ (1)

جب آسمان پھٹ جائے گا

وَإِذَا الْكَوَاكِبُ انْتَثَرَتْ (2)

اور جب تارے جھڑ پڑیں گے

وَإِذَا الْبِحَارُ فُجِّرَتْ (3)

اور جب دریا بہہ (کر ایک دوسرے سے مل) جائیں گے

وَإِذَا الْقُبُورُ بُعْثِرَتْ (4)

اور جب قبریں اکھیڑ دی جائیں گی

عَلِمَتْ نَفْسٌ مَا قَدَّمَتْ وَأَخَّرَتْ (5)

تب ہر شخص معلوم کرلے گا کہ اس نے آگے کیا بھیجا تھا اور پیچھے کیا چھوڑا تھا

يَا أَيُّهَا الْإِنسَانُ مَا غَرَّكَ بِرَبِّكَ الْكَرِيمِ (6)

اے انسان! تجھ کو اپنے پروردگار کرم گستر کے بارے میں کس چیز نے دھوکا دیا؟

الَّذِي خَلَقَكَ فَسَوَّاكَ فَعَدَلَكَ (7)

(وہی تو ہے) جس نے تجھے بنایا اور (تیرے اعضا کو) ٹھیک کیا اور (تیری قامت کو) معتدل رکھا

فِي أَيِّ صُورَةٍ مَّا شَاءَ رَكَّبَكَ (8)

(اور) جس صورت میں چاہا تجھے جوڑ دیا

كَلَّا بَلْ تُكَذِّبُونَ بِالدِّينِ (9)

مگر ہیہات (افسوس) تم لوگ جزا کو جھٹلاتے ہو

وَإِنَّ عَلَيْكُمْ لَحَافِظِينَ (10)

حالانکہ تم پر نگہبان مقرر ہیں

كِرَامًا كَاتِبِينَ (11)

عالی قدر (تمہاری باتوں کے) لکھنے والے

يَعْلَمُونَ مَا تَفْعَلُونَ (12)

جو کچھ تم کرتے ہو وہ اسے جانتے ہیں

إِنَّ الْأَبْرَارَ لَفِي نَعِيمٍ (13)

بے شک نیکوکار نعمتوں (کی بہشت) میں ہوں گے

وَإِنَّ الْفُجَّارَ لَفِي جَحِيمٍ (14)

اور بدکردار دوزخ میں

يَصْلَوْنَهَا يَوْمَ الدِّينِ (15)

(یعنی) جزا کے دن اس میں داخل ہوں گے

وَمَا هُمْ عَنْهَا بِغَائِبِينَ (16)

اور اس سے چھپ نہیں سکیں گے

وَمَا أَدْرَاكَ مَا يَوْمُ الدِّينِ (17)

اور تمہیں کیا معلوم کہ جزا کا دن کیسا ہے؟

ثُمَّ مَا أَدْرَاكَ مَا يَوْمُ الدِّينِ (18)

پھر تمہیں کیا معلوم کہ جزا کا دن کیسا ہے؟

يَوْمَ لَا تَمْلِكُ نَفْسٌ لِنَفْسٍ شَيْئًا ۖ

جس روز کوئی کسی کا کچھ بھلا نہ کر سکے گا

وَالْأَمْرُ يَوْمَئِذٍ لِلَّهِ (19)

اور حکم اس روز صرف خدا ہی کا ہو گا

© Copy Rights:
Zahid Javed Rana, Abid Javed Rana
Lahore, Pakistan
www.quran4u.com